القرآن

پاره عم . تقطیع کلاں . معہ قرأة [illegible]

قاری عبدالرحمن بن پیر بخش

١٢٨٩ھ م ١٨٧٢ء

بمبئی

القرآن

[illegible]

قاری [illegible]

١٢٨٩ [illegible] ١٨٠٢

[illegible]

[illegible] ٢٥ جمادی الثانی ١٢٩٠



الحمد لله الذي انزل اربعة ومائة كتب للانسان واودع علوم الكل في الفرقان ثم انزله على سبعة احرف ليتيسر قراءته على اهل الايمان والصلوة والسلام على خير خلقه الذي [illegible] على آله واصحابه الذين هم علموها ائمة هذا الشان حتى وصلت الينا تلقيا مسلسلا كمضيها قراءة القرآن الى الآن

اما بعد اس ہیچمدان احقر الزمان خادم القرآن قاری عبد الرحمن ابن پیر بخش بن امیر شاہ نے بلدۂ کلکتہ میں عرصہ چالیس روز میں تمام قرآن شریف ناظرہ پڑھا بعدہ عرصہ چار ماہ میں حفظ کیا اسکے بعد بشوق تحصیل علوم دینی طرف ہندوستان کے سفر کیا چنانچہ بلدۂ فرخ آباد و شاہجہان پور اور امارت سرا اور دہلی وغیرہ میں تفسیر حدیث فقہ اصول وغیرہ علوم دینی بقدر مقدور پڑھا پھر جو الہام حقیقی نے علم قرات کا شوق دیا تو سترہ سال تک اس فن میں محنت کی چنانچہ قبل ایام غدر کے دار السلام دہلی میں جناب استاذی و مرشدی مولانا قاری محمد ہاشم صاحب مرحوم و مغفور سے دونو شاطبی و جزری وغیرہ پڑھی بعدہ میں ایام غدر میں بخدمت [illegible] فقہا و اصولیین و اکمل المحدثین و مفسرین جناب مرشدنا و مولانا مفتی محمد سعد اللہ صاحب دو سال تک بلدۂ رامپور میں کچھ علم معقول اور علم بلاغت اور علم عروض وغیرہ پڑھتا رہا اور دونو شاطبی مذکورہ کو بھی حفظ کرتا رہا اس کے بعد مقدمۂ جزری اور طیبۃ النشر فی القراءات العشر اور [illegible] کو بھی حفظ کیا پھر جو اکثر لوگوں کا پڑھنا سنا تو معلوم ہوا کہ برائے نام روایت حفص پڑھتے ہیں لیکن فی الحقیقت قرات سبعہ اور عشرہ اور اربعہ عشر کو خلط کرتے ہیں چنانچہ سورۂ فصلت میں ءاعجمی کو [illegible] پڑھتے ہیں اور یہ روایت حفص میں ہرگز جائز نہیں بلکہ یہ قرات حمزہ اور کسائی وغیرہ کی ہے اور روایت حفص میں ہمزۂ ثانی میں تسہیل ہے علے ہذا القیاس شاء والناس کہ بعد رے کے ہمزہ ہے جمیع قرا سبعہ کے نزدیک [illegible] الناس بعد رے کے پڑھتے ہیں کہ ابو جعفر کی قرات ہے قرا عشرہ سے اور اکثر لوگ لا انا منا میں ادغام کرتے ہیں یہ بھی ابو جعفر کی قرات ہے نہ قرا سبعہ کی بلکہ قرا سبعہ کے نزدیک روم اور اشمام ہے بلا خلاف اور بعد سورت [illegible] میں بڑے بڑے مرد نامی ہوا چاہتے کو حافظ لا ثانی [illegible] بسم اللہ مجریہا کہ حفص وغیرہ کی قرات میں امالہ کبری [illegible] یہ غلط محض ہے کسی قاری کی قرات میں نہیں [illegible] قرات شاذہ میں مجریہا بضم میم [illegible] پس ایسی [illegible] قصد کیا کہ قرا سبعہ کی قرات کو اس طرح چھپوائے کہ ہر خاص و عام مثل آئینہ کے بے تکلف پڑھ سکیں اور ما به الامتیاز حاصل کر کے نیکی برباد گناہ لازم سے باز رہیں اب جاننا چاہئے کہ اقسام قرات کئی ہیں متواتر اور مشہور اور احاد اور شاذ اور موضوع اور مدرج فی الجملہ اسکے قرا سبعہ کی قرات متواتر ہے جمہور علماء سنت جماعت اور علماء امامیہ کے نزدیک اور منکر انکا کافر ہے چنانچہ فرمایا صاحب اتحاف نے الاتفاق فی تواتر قراءتہم [illegible] پس قرا سبعہ کی قرات کا پڑھنا ہر حال [illegible] نماز میں ہو یا تلاوت میں لیکن پڑھنے والے کو لازم ہے کہ اجنبی جگہ میں نہ پڑھے تاکہ لوگ اسکے پڑھنے کو غلط سمجھ کے گنہگار نہوں اور قرات مشہور یعنے ابو جعفر اور یعقوب کی قرات میں اون علماء نے اختلاف کیا ہے جو علم قرات سے ماہر نہیں اما ماہر فن قرات کے نزدیک اس قرات کو بھی پڑھنا مطلقا جائز ہے چنانچہ فرمایا صاحب اتقان نے فقد نقل البغوی الاتفاق علی القراءۃ بقراءۃ یعقوب وابی جعفر مع السبع المتواترۃ المشہورۃ وہذا القول ہو الصواب اور اگر بقول بعض علماء ابو جعفر اور یعقوب کی قرات کا پڑھنا ناجائز ہو تو دین میں بڑا حرج واقع ہو کیونکہ روایت حفص کے پڑھنے والے بسبب لاعلمی کے صدہا مقام میں یعقوب اور ابو جعفر کی قرات پڑھتے ہیں جیسا کہ قریب ہی گذرا اور مشہور کتابیں اس فن کی قصیدۂ شاطبی ابو القاسم محمد بن فیرہ بن خلف بن احمد کی اور تقریب النشر اور طیبۃ النشر فی قراءات العشر محمد بن محمد بن الجزری کے ہیں پس جمع کیا فدوی نے اس مجموعہ میں دونو طریق کو یعنے طریق شاطبی اور طریق جزری کو واسطے رفع حرج کے کیونکہ بعض قرات ایسی ہے کہ طریق شاطبی میں نہیں ہے طریق جزری میں ہے جیسا کہ روایت حفص وغیرہ میں نون ساکن اور تنوین کو ساتھ رے اور لام کے مع الغنہ ادغام کرنا ہے مانند ہدی للمتقین اور من ربہم کے چنانچہ اس شیخ حیدری کے [illegible] میں ایک شخص تمام قرآن میں ادغام مع الغنہ ہی کرتا ہے لہذا جمع کیا میں نے دونو طریق کو تاکہ معلوم ہو کہ یہاں بھی پڑھنا جائز ہے غلط نہیں پس جمع کیا فدوی نے اس مجموعہ میں کتب شاطبی اور نشر دونو کے طریق کو تا معلوم ہو کہ اس مجموعہ کے سطر میں جتنے صورتیں مذکور اور سطور میں قرا سبعہ کی قرات ہے بطریق متواتر و مشہور اور جو اس مجموعہ میں نہیں ہے وہ قرا سبعہ کی قرات نہیں اور جو ہے تو بطریق شاذ ہوگا نہ بطریق متواتر و مشہور اب جاننا چاہئے کہ اس باب میں قول اہل ادا کا مانند صاحب تیسیر اور شاطبی اور نشر وغیرہ کا معتبر ہے نہ قول مفسرین وغیرہ کا پس جو قول مفسرین وغیرہ کا اہل ادا کے قول کے مخالف ہو تو ہرگز قابل اعتبار کے نہیں کیونکہ مفسرین کا یہ منصب نہیں اب معلوم ہو کہ قرا سبعہ یہ ہیں نافع مدنی ابن کثیر مکی ابو عمرو بصری ابن عامر شامی اور کوفی تین قرا ہیں عاصم حمزہ کسائی اور ہر ایک کے دو دو راوی ہیں چنانچہ نافع کا ایک راوی قالون دوسرا ورش ابن کثیر کا ایک راوی بزی دوسرا قنبل ابو عمرو کا ایک راوی دوری دوسرا سوسی ابن عامر کا ایک راوی ہشام دوسرا ابن ذکوان عاصم کا ایک راوی شعبہ دوسرا حفص حمزہ کا ایک راوی خلف دوسرا خلاد کسائی کا ایک راوی ابو الحارث دوسرا دوری پس ہر قاری کے واسطے ایک خانہ قرار دیا اور راوی اول کی روایت کو اس خانہ کے اندر لکھے راوی دوم کی روایت کو لکھے حاشیہ پر اور لفظ متفق فیہ پر مد کھینچ دیا تا معلوم ہو کہ اس لفظ میں اختلاف ہے پھر اگر کسی مقام میں مد کھینچا ہو لیکن لفظ مختلف فیہ حاشیہ پر نہو یا یہ کہ حاشیہ پر لفظ لکھا ہو لیکن متن میں مد نہ کھینچا تو کچھ حرج نہیں جس راوی کی روایت جو قاعدہ مذکور ہوگا اس قاعدہ کے مطابق پڑھنا چاہئے لیکن حفص کی روایت کو متن میں لکھی اور شعبہ کی حاشیہ پر باوجود یکہ شعبہ راوی اول ہے باین سبب کہ روایت حفص ملک ہندوستان وغیرہ میں اکثر مروج ہے اور بسبب مشہور ہونے اس روایت کا یہ ہے کہ ابو حنیفہ [illegible] نے عاصم سے بروایت حفص قرآن شریف پڑھا ہے **الغرض** شاطبی اور جزری وغیرہ نے واسطے قرا سبعہ وغیرہ کے رموز قرار دیا ہے کیونکہ اگر ہر مقام میں قرا کے نام بیان کریں تو کتاب طول ہو جائیگی اور رموز مذکورہ میں قرا کے نام کا لحاظ نہیں ہے کہ وہ حرف رمز اس قاری کے نام کا حرف ہو کیونکہ اسما قرا کے اکثر مشترک ہیں پھر ان حروف رموز کی دو قسمیں ہیں مفرد اور مرکب اور رمز مفرد کے شاطبی کے نزدیک دو قسمیں ہیں مفرد واسطے مفرد کے اور مفرد واسطے جمع کے چنانچہ رمز مفرد کو اس بیت میں جمع کیا **بیت** ابج دہز حطی کلم نصع فضق رست [illegible] ہر حرف رمز [illegible] اولی میں تین تین حرف کے سات کلمے ہیں ہر کلمہ کا حرف اول امام کا اور حرف دوم راوی اول کا اور حرف سوم راوی دوم کا ہے یعنے لفظ **ابج** میں **ا** سے مراد نافع اور **ب** سے مراد قالون اور **ج** سے مراد ورش اور لفظ **دہز** میں **د** سے مراد ابن کثیر اور **ہ** سے مراد بزی اور **ز** سے مراد قنبل اور لفظ **حطی** میں **ح** سے مراد ابو عمرو اور **ط** سے مراد دوری اور **ی** سے مراد سوسی اور لفظ **کلم** میں **ک** سے مراد ابن عامر اور **ل** سے مراد ہشام اور **م** سے مراد ابن ذکوان اور لفظ **نصع** میں **ن** سے مراد عاصم اور **ص** سے مراد شعبہ اور **ع** سے مراد حفص اور لفظ **فضق** میں **ف** سے مراد حمزہ اور **ض** سے مراد خلف اور **ق** سے مراد خلاد اور لفظ **رست** میں **ر** سے مراد کسائی اور **س** سے مراد ابو الحارث اور **ت** سے مراد دوری ہے اور رمز مفرد کو رمز حرفی بھی کہتے ہیں اور قاعدہ اس رمز کا یہ ہے کہ اختلاف قرات کے بعد آتا ہے چنانچہ فرمایا شاطبی نے ومالک یوم الدین راویہ ناصر یعنی لفظ مالک کو بالالف پڑھنے والا کسائی اور عاصم ہے کیونکہ **ر** سے مراد کسائی اور **ن** سے مراد عاصم ہے اور رمز مفرد واسطے جمع کے یہ ہے **ث** واسطے عاصم حمزہ کسائی کے اور **خ** واسطے غیر نافع کے اور **ذ** واسطے ابن عامر عاصم حمزہ کسائی کے اور **ش** واسطے حمزہ کسائی کے اور **ظ** واسطے ابن کثیر عاصم حمزہ کسائی کے اور **غ** واسطے ابو عمرو عاصم حمزہ کسائی کے [illegible] ستائیس حروف ہوئے اب باقی رہا واو پس واو کو واسطے فصل کے معین کیا یعنی جب ایک قاری کی قرات کے بعد دوسرے قاری کی قرات آتی ہے تب درمیان میں واو فاصل آتا ہے چنانچہ فرمایا شاطبی نے [illegible] پس درمیان مالک اور سراط کے واو آیا اور قاعدہ ان رموز کے بیان کا **شاطبی** اور طیبۃ النشر وغیرہ میں یہ ہے کہ حرف رمز کو سرخی سے لکھتے ہیں لیکن اس مجموعہ میں [illegible] لکھنا ممکن نہیں [illegible] رمز کے نیچے ایک حرف اور لکھا اور رمز کلمی کے نیچے دوسرا لفظ بعینہ لکھنے کی حاجت نہیں کیونکہ وہ ایک ایک لفظ معین ہے جیسا کہ [illegible] معلوم ہوگا [illegible] طیبۃ النشر کی بھی ہے لیکن جس حرف مفرد کو صاحب شاطبی نے واسطے جمع کے معین کیا تھا اس حرف کو بھی صاحب طیبۃ النشر نے واسطے [illegible] یعقوب بصری راوی اول [illegible] راوی دوم [illegible] اور خلف کوفی راوی اول اور اسحاق راوی دوم اور ادریس [illegible] پس **ش** [illegible] **ع** کو رمز رویس اور **ش** کو رمز روح معین کیا یہ ستائیس حروف ہوئی اور **و** کو حرف فاصل قرار دیا اب باقی [illegible] اسحاق [illegible] اور یہ وہی خلف ہے جو راوی امام حمزہ ہے جیسا کہ ایک ہی دوری راوی ابو عمرو اور راوی کسائی ہے پس جس وقت میں خلف راوی حمزہ ہوگا اس وقت رمز اسکی [illegible] باسم خود مذکور ہوگا جیسا کہ اس مصرع میں مذکور ہے ع [illegible] اصطلاح اسحاق اور ادریس بھی باسم خود مذکور ہوتی ہیں اور رمز کلمی [illegible] واسطے ایک [illegible] معین کیا ہو مانند نفطم یا صحبۃ کے پس [illegible] بطریق شاطبی یہ ہے **صحبۃ** سے مراد حمزہ کسائی شعبہ اور **صحاب** سے مراد حمزہ کسائی حفص [illegible] **سما** سے مراد نافع ابن کثیر ابو عمرو اور **حق** سے مراد ابن کثیر ابو عمرو اور **نفر** سے مراد ابن کثیر ابو عمرو ابن عامر اور **حرمی** سے مراد نافع ابن کثیر اور **حصن** سے مراد [illegible] عاصم حمزہ کسائی ہے مثال اسکی ع ذ نرتع و نلعب یا حصن [illegible] یعنے سورۂ یوسف میں نافع عاصم حمزہ کسائی نے نرتع و نلعب کو بیا پڑھا ہے اور باقی قرا نے نرتع

لیکن راوی ابو عمرو کی صورت میں رمز [illegible] اور راوی کسائی کی صورت میں [illegible] ث ہے جیسا کہ [illegible]

و ناعب بنون پڑہتا ہے **اور طیبۃ النشر** کی بھی یہی رمز ظلی ہے سوا حسن او نفر کے اور سوا رموز مذکورہ کے اور بہی رموز ہین لیکن رموز مذکور میں قراء عشرہ کا ایک ایک قاری کو افزون کیا ہے مثلا **صحبۃ** سے مراد حمزہ و کسائی شعبہ او رخلف ہے امام عشرہ سے علی ہذا القیاس **صحب** سے مراد حمزہ کسائی حفص او رخلف ہے اور **حق** سے مراد ابن کثیر ابو عمرو او ریعقوب ہے امام عشرہ سے اور **سما** سے مراد نافع ابن کثیر ابو عمرو اور ابو جعفر و یعقوب ہین اور **حرم** سے مراد نافع ابن کثیر اور ابو جعفر ہے اور **عم** سے مراد نافع ابن عامر اور ابو جعفر ہے سوان رموز کے صاحب طیبہ نے اور بہی چند رموز بڑہایا ہے چنانچہ **کفا** سے مراد عاصم حمزہ کسائی و خلف ہے اور **شفا** سے مراد حمزہ کسائی خلف اور **صفا** سے مراد شعبہ و خلف اور **فتا** سے مراد حمزہ و خلف اور **رضی** سے مراد حمزہ و کسائی اور **روی** سے مراد کسائی و خلف اور **ثوی** سے مراد ابو جعفر و یعقوب اور **مدا** سے مراد نافع و ابو جعفر اور **حما** سے مراد ابو عمرو و یعقوب اور **حبر** سے مراد ابن کثیر و ابو عمرو اور **کنز** سے مراد ابن عامر عاصم کسائی او رخلف ہے پس ان رموز کلمیہ کو فقط بخط جلی لکہنا کافی ہے مکرر لکہنیکی حاجت نہین اور اس فدوی کی کتاب منہاج الطیبہ کی رموز بہی بعینہ رموز طیبہ ہے کیونکہ مقصود اس منہاج سے فقط تغییر ہے نہ تغیر مسائل مگر جس مقام مین مانتن یا شارع سے باقتضائے بشریت سہو ہوا ہو جیسا کہ اس شعر طیبہ مین قید حالین رہگیا ہے **ع** عَلَيْهِمُ اِلَيْهِمُ لَدَيْهِمُ وَ بِضَمِّ كَسْرِ الْهَا ظُبًى فِيهِمُ یعنے حمزہ او ریعقوب نے ان الفاظ کو حالت وصل اور حالت وقف مین بضم ہا پڑہا ہے پس فدوی نے شعر منہاج کو مقید بحالین کیا فقط **ع** عَلَيْهِمُ اِلَيْهِمُ لَدَيْهِمُ بِضَمِّ كَسْرِ الْهَا بِحَالَيْنِ ظُبًى فِيهِمُ ... مصرعہ اول لفظ کسرہ کے سین پر تمام ہوتا ہے علی ہذا القیاس شاطبی پر بہی فدوی کا ایک حاشیہ ہے بنام ارشاد النبی فی حل الشاطبی پس جس مقام مین باقتضائے بشریت شاطبی سے کوئی مطلب فوت ہوا ہو گا اس مقام مین اس ارشاد کا شعر بہی مذکور ہوگا انشاء اللہ اور ایک رسالہ ہے فدوی کا اختلافات آیات کے بیان مین بنام موضح الآیات کے سورہ اس رسالہ کے سر لفظ منسوب ہے یعنی مدنی کیواسطے **ط** اور مکی کیواسطے **م** اور بصری کیواسطے **ب** اور شامیکے واسطے **ش** اور کوفی کیواسطے **ک** ہے چنانچہ اس شعر مین سب جمع ہین **ع** فَالْاَوَّلُ لِلْحَجِيمِ كَنْزٌ ... ... یعنے بسم اللہ الرحمن الرحیم پر وقالہ کوفی یعنی عاصم حمزہ کسائی او ر ابن کثیر مکی کے نزدیک آیت ہے فقط مدنی بصری شامی کے نزدیک نہین اور انعمت علیہم پر نافع مدنی اور ابو عمرو بصری اور ابن عامر شامی کے نزدیک آیت ہے نفقط کوفی مکی کے نزدیک نہین **اب** معلوم ہو کہ علم قرأت مین دو باب ہین ایک فرش دوسرا قواعد فرش اسکو کہتے ہین جسکے اختلاف لفظ سے اختلاف معنے ہون مانند لَا يُبَيِّنَّ فِيهَا اخفاها او رلَيُبَيِّنَنَّ فيها اخفاها پس اختلاف فرش متعلق بپارہ عم اور سورہ فاتحہ جسقدر ہین حواشی پر بیان کرچکا ہون اعادہ کرنے کی حاجت نہین اب باقی رہے اختلاف قواعد یعنے قاعدہ کلیہ کہ جسکے اختلاف سے اختلاف معنے نہین ہوتے مانند عَلَيْهِمْ اور عَلَيْهِمُ اور عَلَيْهِمُو کے پس یہہ بہی جسقدر کہ سورہ فاتحہ اور پارہ عم کے حواشی پر بیان کرچکا ہون اسکی حاجت نہین پر جس قدر باقی ہے اسکو بر سبیل اختصار بیان کرتا ہون کیونکہ اس مختصر مین گنجایش نہین لیکن اصول قراءین تفصیلوار بیان کرونگا انشاء اللہ **باب الاستعاذۃ** یعنے تعوذ پڑہنا چاہیئے کہ لفظ استعاذہ مین بہت اختلاف ہے بعضون نے ہر قاری کے واسطے جداگانہ بیان کیا ہے پس واسطے نافع کے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم او رواسطے ابن کثیر کے اعوذ باللہ العظیم من الشیطان الرجیم اور واسطے ابو عمرو کے اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم اور واسطے ابن عامر کے اعوذ باللہ العظیم السمیع العلیم من الشیطان الرجیم اور واسطے عاصم کے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ان اللہ ہو السمیع العلیم اور واسطے حمزہ کے استعیذ باللہ من الشیطان الرجیم ان اللہ ہو السمیع العلیم اور واسطے کسائی کے نستعیذ باللہ من الشیطان الرجیم ان اللہ ہو السمیع العلیم لیکن جمیع قرا کے واسطے مختار وجہ اول ہے یعنے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم علی ہذا القیاس بعض اہل ادا نے واسطے نافع اور حمزہ کے تعوذ کا اخفا بیان کیا ہے یعنے تعوذ کو باواز خفی پڑہے تا کہ قرآن اور غیر قرآن مین فصل ہو لیکن اکثر اہل ادا نے اس کا انکار کیا ہے چنانچہ فرمایا شاطبی نے **ع** وَاِخْفَاؤُهُ فَصْلٌ اَبَاهُ وُعَاتُنَا لفظ فصل کی **ف** رمز حمزہ اور اباہ کا الف رمز نافع ہے اور واسطے جمیع قرا کے جائز ہے وقف کرنا تعوذ پر اور وصل کرنا تعوذ کا ساتھ مابعد تعوذ کے بسم اللہ ہو یا کچھ اور ہو اجزائے قرآن سے پھر جائز ہے بسم اللہ پر وقف کرنا یا وصل کرنا بسم اللہ کو ساتھ سورت کے مانند اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ۝ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ الحمد للہ رب العالمین اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ۝ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ الحمد للہ رب العالمین اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ۝ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ الحمد للہ رب العالمین اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ۝ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ الحمد للہ رب العالمین اور جمہور علما کے نزدیک تعوذ پڑہنا مستحب ہے نماز مین ہو یا خارج نماز مین اور بعض علما کے نزدیک واجب ہے چنانچہ امام فخر الدین رازی نے بہی اپنے تفسیر مین عطا بن ابی رباح سے تعوذ کا وجوب بیان کیا ہے فرمایا جزری رح نے **ع** وَقِفْ لَهُمْ عَلَيْهِ اَوْ صِلْ وَاسْتُحِبْ تَعَوُّذًا وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَجِبْ **باب البسملۃ** یعنے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑہنا معلوم ہو کہ بسم اللہ پڑہنے کے مقام مین ہین اول ابتدائے سورت دوم اجزائے سورت جیسا کہ آخر باب مین بیان ہوگا سوم درمیان دو سورتونکے پس قالون ابن کثیر عاصم اور کسائی نے درمیان دو سورتونکے بسم اللہ پڑہی ہے سوائے انفال اور برأت کے اور حمزہ نے درمیان دو سورتونکے کسی جگہ بسم اللہ نہین پڑہی کیونکہ تمام قرآن ان کے نزدیک مانند ایک سورت کے ہے باوجود یکہ مصحف حمزہ مین بسم اللہ مین السورتین موجود ہے کیونکہ قرأت موقوف ہے روایت پر نہ رسم خط پر چنانچہ فرمایا سخاوی نے لِاَنَّ الْقِرَاءَةَ لَيْسَتْ بِمَوْقُوفَةٍ عَلَى خَطِّ الْمَصَاحِفِ عِنْدَهُمُ الرِّضْوَانُ بَلْ هِيَ مَوْقُوفَةٌ عَلَى صِحَّةِ الرِّوَايَةِ ... اَلْاِتْقَانِ فَيَقْرَاُ الْقَارِيُ بِالْاِثْبَاتِ فِي مَوْضِعِ الْحَذْفِ وَالْحَذْفِ فِي مَوْضِعِ الْاِثْبَاتِ انتہی اور واسطے ورش ابو عمرو و ابن عامر کی تین وجہ ہین درمیان دو سورتون کے بسم اللہ پڑہنا اور وصل کرنا دونو سورتونکو مانند حمزہ کے اور سکتہ کرنا درمیان دو سورتونکے باین سبب مصحف حمزہ کی ہر سورت کی آخر مین لا لکہا او رمصحف ابو عمرو و ابن عامر مین سکتہ او رلا لکہا او رمصحف ورش مین لکہنیکا موقع نہ تہا اسواسطے نہ لکہا کیونکہ مصحف ورش حاشیہ پر ہے مستقل نہین اور بعض اہل ادا نے واسطے سکتہ کرنیوالونکے یعنے واسطے ورش اور ابو عمرو اور ابن عامر کے سورہ لا اقسم بیوم القیمۃ اور لا اقسم بہذا البلد اور ویل للمطففین اور ویل لکل ہمزۃ مین بسم اللہ اختیار کیا ہے اور اسے بعض نے واسطے حمزہ کے سورہائے مذکورہ مین سکتہ اختیار کیا ہے بطریق شاطبی اور واسطے ورش اور ابو عمرو اور ابن عامر کے سورہائے مذکورہ مین سکتہ اختیار کیا ہے بطریق جزری فرمایا شاطبی رح نے **ع** وَبَسْمَلَ بَيْنَ السُّورَتَيْنِ بِسُنَّةٍ رِجَالٌ نَمَوْهَا دِرْيَةً وَتَحَمُّلًا بسنۃ کی ب رمز قالون اور رجال کی ر رمز کسائی او رنموہا کا ن رمز عاصم اور دریۃ کی د رمز ابن کثیر ہے قولہ وَوَصْلُكَ بَيْنَ السُّورَتَيْنِ فَصَاحَةٌ وَصِلْ وَاسْكُتَنْ كُلٌّ جَلَايَاهُ حَصَّلَا فصاحۃ کی ف رمز حمزہ اور کل کا ک رمز ابن عامر اور جلایاہ کی ج رمز ورش اور حصلا کی ح رمز ابو عمرو ہے قولہ وَلَا نَصَّ كَلَّا حُبَّ وَجْهٍ ذَكَرْتُهُ وَفِيهَا خِلَافٌ جِيدُهُ وَاضِحُ الطُّلَا بعض شارحین نے کلا اور حب اور جیدہ کے سر حرف کو رمز قرار دیا ہے قولہ وَسَكْتُهُمُ الْمُخْتَارُ دُونَ تَنَفُّسٍ وَبَعْضُهُمُ فِي الْاَرْبَعِ الزُّهْرِ بَسْمَلَا لَهُمْ دُونَ نَصٍّ وَهْوَ فِيهِنَّ سَاكِتٌ لِحَمْزَةَ فَافْهَمْهُ وَلَيْسَ مُخَذَّلَا اور فرمایا جزری رح نے **ع** بَسْمَلَ بَيْنَ السُّورَتَيْنِ بِي نَصِفْ وَصِلْ فَشَا وَعَنْ خَلَفْ فَاسْكُتْ فَصِلْ وَالْخُلْفُ كَمْ حِمًا جَلَا وَاخْتِيرَ لِلسَّاكِتِ فِي وَيْلٌ وَلَا بِسْمَلَةٌ وَالسَّكْتُ عَمَّنْ وَصَلَا اور اجماع کیا ہے جمیع قرا نے بسم اللہ پڑہنے پر جب کسی سورت سے پڑہنا شروع کرتا ہو سوا سورہ برأت کے یعنے اگر سورہ برأت سے پڑہنا شروع کرتا ہو تو بسم اللہ نہ پڑہے فقط تعوذ پر اکتفا کرے اور وسط سورت مین یعنے اگر کسی سورت کے بیچ سے پڑہنا شروع کرتا ہو تو اختیار ہے کہ تعوذ کے بعد بسم اللہ بہی پڑہے یا فقط تعوذ پر اکتفا کرے لیکن سورہ برأت کے وسط مین رائے اہل ادا کی مختلف ہے بعض نے جائز رکہا اور بعض نے منع کیا ہے فرمایا شاطبی رح نے **ع** وَمَهْمَا تَصِلْهَا اَوْ بَدَاْتَ بَرَاءَةً لِتَنْزِيلِهَا بِالسَّيْفِ لَسْتَ مُبَسْمِلَا وَلَا بُدَّ مِنْهَا فِي ابْتِدَائِكَ سُورَةً سِوَاهَا وَفِي الْاَجْزَاءِ خُيِّرَ مَنْ تَلَا اور فرمایا جزری رح نے **ع** وَفِي ابْتِدَا السُّورَةِ كُلٌّ بَسْمَلَا سِوَى بَرَاءَةٍ فَلَا وَلَوْ وُصِلْ وَوَسَطًا خَيِّرْ وَفِيهَا يَحْتَمِلْ اور جس کی قرأت مین درمیان دو سورتون کے بسم اللہ پڑہی جاتی ہے اسکی قرأت مین بسم اللہ مین چار صورتین ممکن ہین لیکن ایک صورت انمین کی ناجائز ہے یعنے بسم اللہ کو سورت گذشتہ کے آخر سے ملا دینا اور سورت آیندہ سے جدا کرنا مثلا يَا لَيْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ والنازعات غرقا یہ صورت ناجائز ہے کیونکہ بسم اللہ واسطے اول سورت کے ہے نہ واسطے آخر سورت کے اور باقی تین صورتیں جائز ہین اول قطع کرنا بسم اللہ کا سورت گذشتہ سے اور وصل کرنا سورت آیندہ سے مثلا كُنْتُ تُرَابًا ۝ بسم اللہ الرحمن الرحیم والنازعات یہہ صورت سب سے بہتر ہے دوم دونو سورتونسے ملانا مثلا كنت ترابا بسم اللہ الرحمن الرحیم والنازعات سوم دونو سورتونسے جدا کرنا مثلا كنت ترابا ۝ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ والنازعات چنانچہ فرمایا شاطبی رح نے **ع** وَمَهْمَا تَصِلْهَا مَعْ اَوَاخِرِ سُورَةٍ فَلَا تَقِفَنَّ الدَّهْرَ فِيهَا فَتَثْقُلَا اور فرمایا جزری رح نے **ع** وَاِنْ وَصَلْتَهَا بِآخِرِ السُّوَرْ فَلَا تَقِفْ وَغَيْرُهُ لَا يُحْتَجَرْ **باب الادغام الکبیر** ادغام کبیر اسکو کہتے ہین کہ ایک جنس کے یا قریب المخرج دو حرف دو کلمہ مین آوین اور دونو حرف متحرک ہون پس اول کو ساکن کرکے دوسرے مین ادغام کرنا مانند الرَّحِيمِ مَلِكِ اور جَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا اور الْمَلَائِكَةُ صَفًّا کے اور ادغام کبیر مذہب ابو عمرو کا ہے بروایت سوسی بطریق شاطبی اور دوری کی روایت مین بہی جائز ہے بطریق جزری لیکن اس مجموعہ مین فدوی نے سوسی کو اختیار کیا ہے اور بیان اس ادغام کا بہت طول طویل ہے اس مختصر مین گنجایش نہین لیکن سورہ فاتحہ اور پارہ عم مین جسقدر ہین خانہ سوسی مین لکہ چکا ہون خیال رکہنا چاہیئے جس جگہ بسبب ادغام کے اجتماع ساکنین ہو وہان ایک الف اور دو الف اور تین الف مد کرنا جائز ہے مانند الرَّحِيمِ مَلِكِ اور اللَّيْلَ لِبَاسًا کے مثال اول مین ی اور م اول ساکن ہے پس اگر کسی لفظ مین بطور مذکور اجتماع ساکنین پایا جائے اور اسپر مد لکہا ہو تو سہو کاتب سمجہنا ...... اور موافق قاعدہ مذکورہ کے پڑہنا **باب ہاء الکنایہ** یعنے ہائے ضمیر پس جس ہائے ضمیر کے ماقبل متحرک ہو مانند کہ او بہ کے اوس مین جمیع قرا نے اشباع کیا ہے یعنے اگر ہائے ضمیر کے ماقبل فتحہ یا ضمہ ہے تو واو زیادہ کرکے پڑہا ہے مانند لَهُو اور مَالُهُو کے اور جو ہائے مذکور کے ماقبل کسرہ ہے تو یا زیادہ کرکے پڑہا ہے مانند بِهِي لیکن جس صورت مین کہ ہائے ضمیر کے ماقبل سکون ہو تو فقط ابن کثیر نے اشباع کیا ہے ہر جگہ مانند فِيهِي عَلَيْهِي اِلَيْهِي لَدَيْهِي مِنْهُو عَنْهُو وَاَنْزَلْنَاهُو کے لیکن حفص نے فِيهِي مُهَانًا مین مانند ابن کثیر کے اشباع کیا

فقط باقی اصول قرأت مین بیان ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ اور اس واؤ اور یا زیادہ کرکے پڑہنے کو صلہ بہی کہتے ہین اب معلوم ہو کہ صلہ بواؤ کی علامت ضمہ معکوس ہے مانند عَنْهُ اور رَبُّهُ اور اَنْزَلْنٰهُ کے اور صلہ
بیای کی علامت کسرہ صغری ہے مانند عَلَیْهِ اور رَاٰهُ اور رَقِیْهِ کے پس اگر مصحف ابن کثیر مین ایسی کسی لفظ مین ضمہ معکوسہ یا کسرہ صغری نہو تو سہو کاتب سمجہنا اور موافق قاعدہ مذکورہ کے پڑہنا **باب المد والقصر** اسباب مد اور اقسام مد بیت مین اصول قرأت مین تفصیلوار بیان کرونگا انشاء اللہ اس جگہ اسیقدر یاد رکہنا چاہیئے کہ مد متصل یعنے جس جگہ کہ حرف مد اور ہمزہ متصل ہون ایک
کلمہ مانند جَآءَ اور جِیْٓءَ اور سُوْٓءَ کے تو ایسے مد کو مد متصل کہتے ہین اور باصطلاح عوام مد سیاہی کہتے ہین پس کشش ایسی مد کی قالون اور ابو عمرو کے نزدیک مقدار دو الف کے ہے اور مد منفصل یعنے
جس جگہ کہ حرف مد اور ہمزہ دو کلمہ مین ہون مانند اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ کے تو ایسے مد کو مد منفصل کہتے ہین اور باصطلاح عوام مد سرخی کہتے ہین پس ابن کثیر اور سوسی کے نزدیک مد منفصل مین قصر ہے یعنے مقدار ایک
الف کے کہینچتے ہین اور کشش مد متصل اور مد منفصل کی ابن عامر اور کسائی کے نزدیک مقدار تین الف کے ہے اور نزدیک عاصم کے مقدار چار الف کے ہے اور نزدیک ورش اور حمزہ کے مقدار پانچ الف کے
ہے لیکن چونکہ مقدار الف کے شناخت مشکل ہے لہذا اگر کشش مد مین کم و زیادہ ہو تو مضائقہ نہین کیونکہ نفس مد متواتر ہے نہ مقدار مد اسی سبب سے امام جزری نے مقدار مد مین واسطے جمیع قرا کے تین اقوال
بیان کیا ہے قول اول واسطے ورش اور حمزہ اور ابن ذکوان کے پانچ الفی مد متصل ہو یا منفصل لیکن ابن ذکوان کو اختلاف ہے اور باقی قرا کے واسطے توسط یعنے تین الفی ہے مطلقاً قول دوم ورش
حمزہ ابن ذکوان کے واسطے پانچ الفی اور عاصم کیواسطے چار الفی اور ابن عامر کسائی خلف کے واسطے تین الفی اور قالون ابن کثیر ابو عمرو کے واسطے دو الفی اور قول سوم واسطے جمیع قرا کے مد متصل مین اشباع
یعنے تین الفی اور واسطے قالون اور ہشام اور ابو عمرو اور یعقوب اور حفص کے مد منفصل ایک الفی باختلاف اور واسطے ابن کثیر اور ابو جعفر کے بہی مد منفصل ایک الفی بلا اختلاف قولہ ه اِنْ حَرْفُ
مَدٍّ قَبْلَ هَمْزٍ طُوِّلَا جُدْ فِدْ مَنْ خُلْفًا وَعَنْ بَاقِیْ الْمَلَا لفظ جد مین ج رمز ورش اور فد مین ف رمز حمزہ اور من مین م رمز ابن ذکوان ہے قولہ ه وَسِّطْ وَقِیْلَ دُوْنَهُمْ نَلْ ثُمَّ كُلٌّ رَوٰی
فَبَاقِیْهِمْ اَوْ اَشْبِعْ مَا اتَّصَلْ لفظ نل مین ن رمز عاصم اور کل مین ک رمز ابن عامر اور روی رمز کسائی اور خلف ہے قولہ ه وَقَصْرُ الْمُنْفَصِلْ بِنْ لِیْ حُمَا عَنْ خُلْفِهِمْ دَاعٍ ثَوٰی لفظ بن مین ب رمز
قالون اور لی مین ل رمز ہشام اور حما رمز ابو عمرو اور یعقوب اور عن مین ع رمز حفص اور داع مین د رمز ابن کثیر اور ثوی مین ث رمز ابو جعفر ہے پس جمع کیا فدوی نے شاطبی اور نشر دونو کے طریق کو تا معلوم
ہو کہ فی زماننا روایت حفص کے تراویح خوان جو بسبب زود روی کے مد منفصل کو حذف کرتے ہین جائز ہے غلط نہین اسی سبب سے خانہ حفص مین مد منفصل پر فدوی نے نشان کی ہے تا معلوم ہو کہ اس مد مین
حفص کو اختلاف ہے لیکن بعض تراویح خوان جو مد متصل کو بہی حذف کرتے ہین یہہ غلط محض ہے اور اسقدر زود روی بہی روایت حفص کے پڑہنیوالے کیواسطے خوب نہین کیونکہ اس زود روی کا نام ادماج
ہے یعنے ایک حرف کو دوسرے حرف مین گہسا دینا اور اقسام مد سے ایک مد بدل ہے یعنے جس الف پر کہڑا زبر ہو مانند تَاْتُوْا اور اٰمَنَ کے یا کہڑی زیر ہو مانند اِیْلٰفِهِمْ کے یا بعد الف کے واو ساکن یا یا ساکن ہو
مانند اُوْتِیَ اور لِاِیْلٰفِ کے تو ایسے الف اور واؤ اور یا پر ورش نے ایک الفی اور دو الفی اور تین الفی مد کیا ہے اور اس مد کو باصطلاح قرا تثلیث بہی کہتے ہین اور یہہ الف یعنے ہمزہ ثابت کا بیان تہا
اب جو ہمزہ متغیر ہو یعنے بسبب نقل حرکت یا ابدال کے ہمزہ مین تغیر واقع ہوا ہو اسکا بہی یہی حکم ہے مانند مَنْ اُوْتِیَ اور هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً کے اور علامت تثلیث کے الف اور واو اور یا پر تین نقطے ہین مانند اسکے
تَاْمَنَّا مَنْ اُوْتِیَ لِاِیْلٰفِ اِیْلٰفِهِمْ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً لِلْاِیْمَانِ قال الشاطبی رح وَمَا بَعْدَ هَمْزٍ ثَابِتٍ اَوْ مُغَیَّرٍ فَقَصْرٌ وَقَدْ یُرْوٰی لِوَرْشٍ مُطَوَّلَا وَوَسَّطَهُ قَوْمٌ كَاٰمَنَ هٰٓؤُلَا ءِ اٰلِهَةً اٰتٰی لِلْاِیْمَانِ مُثِّلَا پس اگر خانہ ورش
مین ایسے کسی لفظ پر تثلیث کے تین نقطے نہون تو سہو کاتب جاننا اور مطابق قاعدہ مذکورہ کے پڑہنا علی ہذا القیاس مذہب ورش مین ایک مد لین ہے یعنے جو واو یا یا کہ بعد فتحہ اور قبل ہمزہ کے
واقع ہو مانند سَوْءَ اور شَیْءٍ کے تو ایسے واو اور یا پر ورش نے طول توسط کیا ہے یعنے دو الفی اور تین الفی مد کیا ہے حالت وصل مین کیونکہ حالت وقف مین جمیع قرا کے نزدیک مد ہے اور علامت
طول توسط کی واو اور یا پر دو نقطے ہین مانند اسکے سَوْءَ شَیْئًا لیکن اَلْمَوْءٗدَةُ کے واو پر طول توسط نہ کیا کیونکہ ساتہہ ضمہ کے دو مد ثقیل ہے یعنے ایک مد اَلْمَوْءٗدَةُ مین میم کے بعد کے واو کا اور
ایک مد ہمزہ کے بعد کے واو کا کہ جسکو تثلیث کہتے ہین یہہ تاویل ظاہر ہے لیکن حقیقت حال یہہ ہے کہ ورش کو اپنے استاد سے اس مد کی روایت نہین پہنچی قال الشاطبی رح وَاِنْ تَسْكُنِ الْیَا بَیْنَ فَتْحٍ
وَهَمْزَةٍ بِكِلْمَةٍ اَوْ وَاوٌ فَوَجْهَانِ جُمِّلَا بِطُوْلٍ وَقَصْرٍ وَصْلُ وَرْشٍ وَوَقْفُهُ وَعِنْدَ سُكُوْنِ الْوَقْفِ لِلْكُلِّ اُعْمِلَا وَعَنْهُمْ سُقُوْطُ الْمَدِّ فِیْهِ وَوَرْشُهُمْ یُوَافِقُهُمْ فِیْ حَیْثُ لَا هَمْزَ مُدْخَلَا وَفِیْ وَاوِ
سَوْءَاتٍ خِلَافٌ لِوَرْشِهِمْ وَعَنْ كُلٍّ الْمَوْءٗدَةُ اقْصُرْ وَمَوْئِلَا طول و قصر مراد قصر سے اس جگہہ توسط ہے نقط پس اگر ایسے کسی لفظ پر خانہ ورش مین دو نقطے نہ لگے ہون تو سہو کاتب
حمل کرنا اور موافق قاعدہ مذکورہ کے پڑہنا **باب نقل حرکۃ الہمزۃ الی الساکن قبلہا** یعنے جو ساکن غیر مدہ آخر کلمہ مین واقع ہو اور دوسرے کلمہ کے اول مین ہمزہ
واقع ہو تو اس ہمزہ کی حرکت کو نقل کرکے ساکن مذکور کو دینا اور ہمزہ کو ساقط کرنا یہہ مذہب ورش کا ہے پہر وہ ساکن آخر خواہ حرف صحیح ہو مانند قَدْ اَفْلَحَ اور مَنْ اٰمَنَ کے لیکن مَنْ اُوْتِیَ مین ساتہہ نقل
حرکت تثلیث بہی کرنا جائز ہے موافق قاعدہ مذکورہ بالا کے یا حرف لین ہو مانند خَلَوْا اِلٰی کے یا تنوین ہو مانند جَنّٰتٍ اَلْفَافًا اور بِعَادٍ اِرَمَ کے یا لام تعریف ہو مانند اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ اور نَكَالَ
الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی کے لیکن دو مثال اخیر مین تثلیث بہی کرنا چاہیئے اور کتابت ایسے الفاظ کی واسطے نقل حرکت کے دو طرح جائز ہے یعنے ہمزہ اول کا حذف کرنا اور لام الف کا باقی رکہنا مانند
اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ کے علی ہذا القیاس اگر ایسے لفظ سے پڑہنا شروع کرے جس مین لام تعریف ہو تو اس مین بہی دو صورتین جائز ہین یعنے ہمزہ وصل کا باقی رکہنا مانند اَلَارْضُ اَلَاخِرَةُ اَلَاُوْلٰی یا اَلْاَرْضُ
الْاٰخِرَةُ الْاُوْلٰی کے یا ہمزہ وصل کا حذف کرنا مانند لَارْضُ لَاخِرَةُ لَاُوْلٰی کے قال الشاطبی رح وَتَبْدَاُ بِهَمْزِ الْوَصْلِ فِی النَّقْلِ كُلِّهِ وَاِنْ كُنْتَ مُعْتَدًّا بِعَارِضِهِ فَلَا لیکن اگر قبل
ہمزہ قطعی کے میم جمع واقع ہو تو مانند قالون اور ابن کثیر کے ورش کو بہی صلہ ہے نقل حرکت نہین اور بعض شارح شاطبی نے جو اس مین بہی نقل حرکت نقل کی ہے خطا ہے مثل خَلَقَكُمْ اِنْ وَاَجَا
کے لیکن میم مذکور پر موافق مذہب قالون کے مد اور قصر کرنا چاہیئے یعنے ایک الفی یا دو الفی مد کرنا چاہیئے اور مطابق مذہب ورش کے پانچ الفی مد کرنا چاہیئے اور واسطے ابن کثیر کے قصر کرنا چاہیئے علی
ہذا القیاس اگر قبل ہمزہ کے حرف مد واقع ہو تو اس مین بہی نقل حرکت کرنا جائز نہین مانند بِمَآ اُنْزِلَ اور قَالُوْٓا اٰمَنَّا اور فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ کے قال الشاطبی رح وَحَرِّكْ لِوَرْشٍ كُلَّ سَاكِنٍ اٰخِرٍ صَحِیْحٍ بِشَكْلِ الْهَمْزِ
وَاحْذِفْهُ مُسْهِلَا مصرعہ ثانی مین ناظم رح سے ایک مطلب رہگیا یعنے ساکن آخر میم کہا اور لین بہول گیا باوجودیکہ ساکن لین بہی نقل حرکت مین داخل ہے مانند خَلَوْا اِلٰی اور ابْنَیْ اٰدَمَ کے جیسا کہ عنقریب قول
جزری سے معلوم ہوگا لہذا فدوی نے مصرعہ ثانی کو ارشاد مذکور مین بایں طرز کہا ہے وَمِیْمُ جَمْعٍ وَلِیْنٍ كَانَ اٰخِرًا ادْمِ سَهِّلَا وقال الجزری رح وَانْقُلْ اِلَی الْاٰخِرِ غَیْرَ حَرْفِ مَدٍّ لِوَرْشٍ اِلَّا هَا كِتَابِیَهْ اَسْنُدْ
اور علامت صلہ کی میم جمع پر ضمہ معکوس ہے اب جاننا چاہیئے کہ جن الفاظ مین ورش کے نزدیک نقل حرکت ہے اُن الفاظ مین خلف کے نزدیک سکتہ ہے اور میم جمع پر بہی سکتہ ہے اور علامت سکتہ
حرف ساکن پر سین ہے مانند قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اٰمَنَ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی خَلَقَكُمْ اِنْ وَاَجَا اور بلفظ شَیْءٍ اور سوء کے یا اور واو ساکن بہی سکتہ ہے علی ہذا القیاس ابن ذکوان کو بہی الفاظ مذکورہ مین
بطریق علوی اور حفص راوی عاصم کو بہی بطریق عبید بن صباح سکتہ ہے لیکن الفاظ مذکورہ پر روایت خلف اور روایت ابن ذکوان مین علامت سکتہ کے سین لکہے ہے اور روایت حفص مین سین نہ لکہے
بسبب غیر مشہور کے پر الفاظ مذکورہ پر مد بہیج کے خانہ شعبہ مین بکر لکہی تا معلوم ہو کہ شعبہ کے نزدیک سکتہ نہین ہے قال الجزری وَقِیْلَ حَفْصٌ وَابْنُ ذَكْوَانَ وَفِیْ اَحِبَّا الْوَاجِ سَكْتَةً تَقِفْ پس اگر خانہ خلف
یا خانہ ذکوان مین ایسی کسی لفظ پر سین نہ لکہے ہو تو سہو کاتب پر محمول کرنا اور موافق قاعدہ مذکورہ کے سکتہ کرنا اور حالت وقف مین حمزہ کے نزدیک بہی مثل ورش کے نقل حرکت ہے بالاتفاق
مانند جَنّٰتٍ اَلْفَافًا اور مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ کے قال الشاطبی رح وَعَنْ حَمْزَةٍ فِی الْوَقْفِ خُلْفٌ وَعِنْدَهُ رَوٰی خَلَفٌ فِی الْوَصْلِ سَكْتًا مُقَلَّلَا اور وجہ دوم تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وغیرہ مین تسہیل ہے یعنے ہمزہ
اسکی مخرج سے محقق نہ ادا کرنا اور علامت تسہیل کی ... ہے اور لفظ قرآن اور القرآن کے رے پر بہی حالت وقف مین نقل حرکت ہے اگرچہ مذہب ورش لین نقل حرکت نہین ہے لیکن جو حرف کہ بسبب
اجتماع ساکنین کے گر گیا ہو اور نقل حرکت کے بعد وہ اجتماع ساکنین جاتا رہا تو اب اس حرف کے عود کرنے مین اختلاف ہے یعنے اکثر کے نزدیک عود نہین کرتا مثلاً مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ اور قَدْ بَیَّنَّا الْاٰیٰتِ یعنے
تحتہا اور بینا کا الف کہ بسبب لام ساکن کے ساقط ہو گیا تہا اور بعد نقل حرکت کے وہ اجتماع ساکنین باقی نہ رہا تو قیاساً الف کو اعادہ کرنا چاہیئے یعنے مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ اور قَدْ بَیَّنَّا الْاٰیٰتِ باثبات الف
پڑہنا چاہیئے لیکن یہہ بعض کا مذہب ہے اور اکثر کے نزدیک مِنْ تَحْتِهَ لَنْهٰرُ اور قَدْ بَیَّنَّ لَاٰیٰتِ بحذف الف پڑہنا چاہیئے لیکن کتابت اسکی باثبات الف ہے مانند الف انا کے یعنے لکہا جاتا ہے پڑہا
نہین جاتا اور باقی احکام وقف مذہب حمزہ کے بہت ہین اصول قرأت مین مفصل بیان کرونگا انشاء اللہ **باب الہمز المفرد** یعنے جو ہمزہ تنہا کسی کلمہ مین واقع ہو اور وہ ہمزہ فاء فعل
ہو اور ساکن بہی ہو تو ورش اس ہمزہ کو بعوض حرف مد سے بدل کیا ہے یعنے اگر ہمزہ ساکن کے ماقبل فتحہ ہو تو الف سے بدل کیا ہے مانند یَاْمُرُ اور اَنْبِئْهُمْ اور تَاْتُوْا اصحاب کے اور جو ماقبل ہمزہ مذکور کے
ضمہ ہو تو واو سے بدل کیا ہے مانند یُؤْمِنُوْنَ اور یُؤْفَكُوْنَ کے اور جو کسرہ ہو تو یا سے بدل کیا ہے مانند الَّذِی اؤْتُمِنَ کے لیکن مَاْوٰٮكُمْ اور مَاْوٰهُمْ اور تُؤْوِیْ اور تُؤْوِیْهِ اور الْمَاْوٰی مین ابدال کیا
اور سوسی نے ہر ہمزہ ساکن کو حرف مد سے بدل کیا ہے خواہ فاء فعل ہو یا عین فعل یا لام فعل مانند یُؤْمِنُوْنَ اور رَاْسُ و بِئْرٍ و ذِئْبُ و فَادّٰرَءْتُمْ وَجِئْتَ وَشِئْتَ کے اور مَاْوٰهُمْ اور اَلْمَاْوٰی مین بہی
سوسی نے ابدال کیا ہے لیکن تُؤْوِیْ اور تُؤْوِیْهِ مین اور چند کلمہ مجزوم مین مانند اِقْرَاْ بِاسْمِ وغیرہ کے ابدال نہ کیا اور امام حمزہ نے ان سب الفاظ مین حالت وقف مین موافق سوسی کے ابدال

۳

کیاہے لیکن تو دی اور تو ویہ مین ادغام کیاہے یعنے تُوتِی اور تُؤْوِیْہِ پڑہاہے اور احکام وقف امام حمزہ کا بہت ہے اس مختصر مین گنجایش نہین **باب احکام النون الساکنۃ والتنوین**
یہہ باب منجملہ ابواب ادغام صغیر سے ہے ادغام صغیر اوسکو کہتے ہین کہ قریب المخرج کے دو حرف دو کلمہ مین اول ساکن دوم متحرک اول کو دوم مین ادغام کرنا پس احکام نون ساکن... اور تنوین کے چار ہین یعنے
جب نون ساکن یا تنوین حرف حلقی کے ماقبل واقع ہوتے ہین تب اظہار ہوتا ہے جمیع قراء سبعہ کے نزدیک اور حروف حلق چہ ہین جیسا کہ فرمایا شاطبی رح نے وعند حروف الحلق للکل اظہرا
الا هاج حکم عم خالیہ غفلا۔ مصرعہ ثانی مین چہ لفظ ہین ہر لفظ کے سر پر ایک حرف حلقی موجود ہے اور امثال اونکے مشہور ہین مانند مَنْ اٰمَنَ اور … علیم کے اور جو حروف اخفا کے
ماقبل واقع ہوتے ہین تو جمیع قراء کے نزدیک اخفا ہوتا ہے اور حروف اخفا پندرہ ہین چنانچہ اس شعر کے ہر کلمہ کے سر پر ایک ایک حرف موجود ہے … جاد شخص … زاد
سل شیئا اذ صف ذا ثنا … فی تقی ضع ظالما اور امثال اونکے مانند جنّٰت تجری من تحتہا وغیرہ کے مشہور ہین اور جو با کے ماقبل واقع ہون تو نون ساکن اور تنوین کو میم سے بدل
کرکے ادغام مع الغنہ کرتے ہین مانند الیم بما اور من بعد کے قال الشاطبی رح وقلبہما میما لدی الباء وقال الجزری رح واقلبہما مع غنۃ میما بالبا … شاطبی … معتبر کتابون سے صاف
ظاہر ہے کہ نون ساکن اور تنوین جب با کے قبل واقع ہون تو اوس با کو بار اقلب کہتے ہین یعنے بسبب اس با کے نون ساکن اور تنوین کو میم سے بدل کرتے … اور میم ساکن کا ایک
مخرج ہے خیشوم اور میم اور ب کا بہی ایک ہی مخرج ہے محققین اب جاننا چاہیے کہ قبل ف کے واقع ہونے مین بہی جو بعض عوام الناس نون ساکن اور تنوین کو میم سے بدل … مانند … اور …
قندنی کے یہہ کسی کتاب معتبر سے ثابت نہین اگرچہ قرین قیاس ہے کیونکہ ف اور میم کا مخرج بہی ایک ہے لیکن چونکہ قرأت قرآن مین قیاس کو دخل نہین چنانچہ … صاحب شاطبی نے ﴿ وما لقیاس
فی قراءۃ مدخل فدونک ما فیہ الرضا متکفلا۔ لہذا ایسے قرأت قیاسی کا پڑہنا ناجائز ہے تاوقتیکہ نقل صحیح سے ثابت ہو فتامل اور نون ساکن اور تنوین جو قبل حروف یرملون کے واقع ہون تو اوسکی
کئی صورتین ہین پس اگر قبل میم یا نون کے واقع ہون تو جمیع قراء کے نزدیک ادغام باغنہ ہے مانند من مال اور مثلا ما کے اور جو ماقبل واو یا یا کے واقع ہون تو بہی جمیع قراء کے نزدیک ادغام باغنہ ہے
مین وال اور رعد و برق یجعلون اور ان یدخل کے لیکن خلف راوی حمزہ کے نزدیک ادغام بے غنہ ہے اور فدوی نے خاد خلف مین ادغام بلاغنہ کی رمز ب لکہی ہے یعنے ب سے مراد بلاغنہ
اور ف سے مراد خلف ہے مانند من وال اور رعد و برق کے اور … دوری راوی کسائی کے نزدیک یا مین ادغام باغنہ اور بے غنہ دونو ہے اور فدوی نے ادغام بے غنہ کی رمز خاد دوری مین
بے قرار دی ہے یعنے ب سے مراد بلاغنہ اور ی سے مراد دوری ہے مانند خطایا یوم کے چنانچہ فرمایا صاحب جزری نے ﴿ والکل فی ینمو بہا … فی الواو والیا و شرط فی یلیا
اختلف … اور جو ماقبل رے یا لام کے واقع ہون تو جمیع قراء کے نزدیک ادغام بلاغنہ ہے مانند من ربک اور … لکن کے لیکن نافع ابن کثیر ابو عمرو ابن عامر اور حفص راوی
عاصم کے نزدیک ادغام باغنہ بہی جائز ہے چنانچہ فرمایا جزری رح نے ﴿ وادغم بلا غنۃ فی لام وراء وہی لغیرہم … ایضا تری لیکن رے اور لام کے ساتھ ادغام بلاغنہ صحیح ہے اور ادغام باغنہ
ضعیف مگر جب نون ساکن واو یا یا کے ماقبل واقع ہو ایک کلمہ مین تو جمیع قراء کے نزدیک اظہار ہے فقط مانند الدنیا اور بنیان اور صنوان اور قنوان کے **باب الفتح والامالۃ وبین اللفظین**
فتح کے معنے منہ کہولنا یعنے جس لفظ مین الف ہو اوس لفظ کے ادا کرتے وقت منہ کہولنا مانند قال اور کان وغیرہ کے اور فتح کی دو قسمین ہین فتح شدید اور فتح متوسط اور فتح شدید کے معنے …
الف ہو اوسکے ادا کرنے مین بہت کہولنا اور قرآن شریف مین فتح شدید پڑہنا جائز نہین کیونکہ یہہ لہجہ عجم ہے لہجہ عرب نہین اور مراد فتح سے اس جگہ فتح متوسط ہے اور فتح متوسط درمیان فتح شدید
اور امالہ صغری کے ہوتا ہے جیسا کہ عنقریب بیان ہوگا چنانچہ فرمایا صاحب اتقان نے واما الفتح فہو فتح القاری فاہ بلفظ الحرف ویقال لہ التفخیم وہو شدید ومتوسط فالشدید ہو نہایۃ
فتح الشخص فاہ بذلک الحرف ولا یجوز فی القرآن بل ہو معدوم فی لغۃ العرب والمتوسط ما بین الفتح الشدید والامالۃ المتوسطۃ قال الدانی وہذا ہو الذی یستعملہ اصحاب الفتح
من القراء انتہی اور شارح طیبۃ النشر نے فرمایا الفتح عبارۃ عن فتح القاری لفیہ بلفظہ بالالف وما قبلہا فتحا شدیدا والمراد بہ الفتح المتوسط وہو ما بین الفتح الشدید والامالۃ
المتوسطۃ لا الفتح الشدید الذی ہو التفخیم کما یلفظ بہ العجم فان ذلک لا یجوز فی القراءۃ انتہی اور در اشاعۃ غالیہ صاحب قطبیہ مراد فتح اینجا نہ امالت است و فتح دو قسم است فتح
شدید و فتح میانہ پس فتح شدید کمال کشادہ خواندہ است مردمان خود را نزدیک گفتن حرفیکہ پس از وی الف باشد واین را تفخیم نام میکنند و قرآن راعیب می شمارند وانرا … باشند ومکروہ
است نزدیک اہل ان انتہی سوا فتح شدید کے اور بہت سے عیوب قراءت ہین کہ عوام سے وقوع مین آتے ہین فی الجملہ انکی ایک یہہ غلطی ہے کہ جتنے کہڑی آیتین ہین یعنے جن آیتون کے آخر
مین الف ہے مانند احدا اور فصلی اور تولی اور ضحٰہا کے اون آیتون کو عوام الناس حالت وقف مین اس قدر دراز کرتے ہین کہ چار الف اور پانچ الف مد ہوجاتا ہے اور بعد الف کے ہمزہ پیدا
ہوتا ہے مانند تولیء اور احداء اور ضحٰہاء کے یہہ سخت عیب ہے اور اس عیب کو تمطیط اور تمدید کہتے ہین ایسے لفظ کو مقدار ایک الف کے دراز کرنا چاہیے وصل اور وقف دونو حالت
مین چنانچہ فدوی نے اکثر معایب ومحاسن قراءت کو چند اشعار عربی مین تبیان وغیرہ سے انتخاب کر کے جمع کیا ہے اور شعر اول اسکا یہہ ہے ﴿ بدأت ببسم اللہ فی الحسن اولا …
… لکن تلا۔ لیکن اس مختصر مین گنجایش نہین ان شاء اللہ اصول قراءت مین تفصیلوار بیان کروں گا اب معلوم ہو کہ امالہ کے معنے لغوی جہکانا ہے یعنے جہکانا فتح کو طرف کسرہ کے یا جہکانا
الف کو طرف یا کے اور امالہ کی بہی دو قسمین ہین قسم اول جہکانا فتح کو طرف کسرہ کے بایں طور کہ قریب تر کسرہ کے ہو یا جہکانا الف کو طرف یا کے بایں طور کہ قریب تر یا کے ہو اسکو امالہ محضہ اور
امالہ کبری اور اضجاع اور انطاح اور بطح کہتے ہین قسم دوم جہکانا فتح کو طرف کسرہ کے بایں طور کہ قریب تر فتح کے ہو یا جہکانا الف کو طرف یا کے بایں طور کہ قریب تر الف کے ہو اسکو امالہ صغری
اور امالہ وسطی اور امالہ متوسط اور بین بین اور بین اللفظین اور تقلیل اور تلطیف کہتے ہین لیکن ادا کرنا ان دونو قسم امالہ کا متعلق کیف سے ہے بدون سماع از استاد کے حاصل نہین ہوسکتا
لیکن جو شخص کچہ بہی اس فن مین مہارت رکہتا ہو اب معلوم ہو کہ باب امالہ چونکہ اصعب الابواب ہے از روی ضبط کے لہذا فدوی نے ہر لفظ کو اول مقام مین ضبط کیا ہے مثلا لفظ شاء کہ سورہ
بناء کے آخر مین واقع ہے اسی جگہ قاعدہ کلیہ اسکا لکہدیا کہ فلانے قاری نے اسمین امالہ کیا ہے اور فلانیکو اختلاف ہے تمام قرآن مین علی ہذا القیاس جس لفظ مین جس قاری کے نزدیک
امالہ کبری یا صغری ہے اول ہی مقام مین بالتصریح لکہدیا پہر جو دیگر مقام مین وہی لفظ بعینہ آیا تو صاحب امالہ کے مصحف مین اس لفظ کے نیچے نقطہ علامت امالہ لکہدی لیکن اسقدر معلوم ہو کہ حمزہ اور
کسائی کے مذہب امالہ کبری ہے مطلقا مگر کسی جگہ امالہ صغری ہے مثلا لفظ توریۃ اور کتاب الابرار کے اور ابوعمرو کے مذہب مین ذوات الیا مین جس جگہ امالہ ہے امالہ صغری ہے اور ذوات
الرا مین امالہ کبری ہے اور ورش کے مذہب مین مطلقا امالہ صغری ہے ذوات الیا ہو یا ذوات الرا اور علامت امالہ کی کسرہ خنجری ہے مانند حتی … اور … کے اور علامت
امالہ صغری کی اس کسرہ خنجری کے نیچے ایک نقطہ ہے مانند … اتیک حدیث موسی کے پس اگر خاد ورش مین علامت امالہ کے نیچے کسی جگہ نقطہ نہ ہو تو کاتب کا سہو جاننا اور امالہ صغری پڑہنا

باب امالۃ ہاء التانیث وما قبلہا فی الوقف یعنے جو ہا کہ حالت وصل مین ت اور حالت وقف مین ہ پڑہی جاے مانند رحمۃ اور نعمۃ اور خطۃ کے تو الیسی ہا اور
ماقبل ہا مین کسائی نے حالت وقف مین امالہ کیا ہے اور علامت امالہ حرف ماقبل ہا کے نیچے کسرہ خنجری ہے مانند من لعنۃ اور الخاشعۃ کے یعنے ت اور ع کے زبر کو زیر پڑہنا اب معلوم ہو کہ
پندرہ حروف کے مابعد اگر ہائے تانیث آوے تو کسائی نے بلا خلاف امالہ کیا ہے اور وہ پندرہ حرف یہہ ہین **فجثت زینب لذود شمس** مانند خلیفۃ … وثلثۃ …
وعزۃ والخاشعۃ والجنۃ وحبۃ ولیلۃ ولذۃ وقسوۃ وبلدۃ وعیشۃ … کے علی ہذا القیاس اور ک مین بہی بلا خلاف امالہ کیا ہے بشرطیکہ یہہ دونو حرف بعد کسرہ کے یا بعد
یاے ساکن کے واقع ہون یا بعد ایسی ساکن کے واقع ہون کہ ماقبل اس ساکن کے کسرہ ہو مانند الاخرۃ … وکبیرۃ … والملئکۃ … باقی الف کے سوا جتنے حروف ہین سب مین اختلاف ہے
اور بعض ائمہ قراء نے امام حمزہ سے بہی مانند کسائی کے امالہ روایت کی ہے چنانچہ فرمایا جزری رح نے ﴿ والبعض عن حمزۃ … پس مصحف حمزہ مین جس جگہ علامت امالہ اور سطری لکہا ہے وہان
تو حالت وقف مین امالہ کرنا اور جس جگہ علامت امالہ اور سطری نہین ہے وہان اگر … تو مذہب کسائی کے موافق امالہ کرنا باقی اصول قراءت مین مفصل بیان ہوگا ان شاء اللہ

باب ترقیق وتفخیم فی الرات یعنے راء کے باریک اور پر پڑہنے کے بیان مین اور اس باب مین بہی تفصیل بہت ہے اس جگہ گنجایش نہین الغرض اس قدر معلوم ہو کہ جس راء مفتوح یا مضموم کے
ماقبل یاے ساکن یا کسرہ ہو یا کسرہ اور راء کے درمیان کوئی حرف ساکن ہو اس راء کو ورش نے باریک پڑہا ہے مانند الخیر والقیرۃ والاخرۃ … کے اور علامت ترقیق کی باریک
پڑہنے کی راء کے نیچے ایک نقطہ ہے مانند المغیرات اور ذکرک کے پس خاد ورش مین جس راء کے نیچے ایک نقطہ لکہا ہو اوس راء کو باریک پڑہنا چاہیے فقط

باب اللامات
یعنی اصل لام مین ترقیق ہے جمیع مواضع مین مگر لفظ اللہ مین پر پڑہے جس وقت لفظ اللہ کے ماقبل فتح یا ضمہ ہو مانند قال اللہ اور رسل اللہ کے علی ہذا القیاس اور مذہب ورش مین
بہی لام مفتوح پر پڑہے بشرطیکہ لام مفتوح واقع ہو بعد ص یا ط یا ظ کے بشرطیکہ یہہ تینون حروف بہی مفتوح یا ساکن ہون مانند الصلوۃ … اور مطلع اور … ظلم … کے اور علامت

تفخیم تمام ہو گئیں ... اور اگر کسی مقام میں احیاناً سہو کاتب سے نقطے نہ لگے ہوں یا غلط لفظ ہے نہ لکھی ہو تو موافق قاعدۂ مذکورہ کے پڑھنا باقی اصول قراءت مفصل بیان ہو گئے [illegible]

باب الوقف علی اواخر الکلم

یعنی کلمۂ موقوف علیہا کا حرف آخر اگر حرکت رکھتا ہو تو ساکن کرنا اصل وقف یہی ہے اور فروع اسکے بہت ہیں اس جگہ گنجائش نہیں چنانچہ [illegible] فرمایا جزری رح نے ﴿وَالْاَصْلُ فِی الْوَقْفِ السُّكُوْنُ وَلَهُمْ فِی الرَّفْعِ وَالضَّمِّ اشْمِمَنَّهُ وَرُمْ﴾ [illegible] وقف کی دو قسمیں ہیں اختیاری اور اضطراری پھر اختیاری کی تین قسمیں ہیں اول مواضع محاسن پر وقف کرنا یعنے مواضع وقف تام اور ناقص کہ مانند مواضع وقف لازم و مطلق [illegible] یہ مذہب امام نافع کا ہے دوم فقط مواضع وقف تام پر وقف کرنا مانند مواضع وقف لازم اور مطلق کے یہ مذہب عاصم اور کسائی کا ہے لیکن چونکہ ملک ہندوستان میں یا تمیز [illegible] مذہب نافع کا رواج پا گیا ہے اسواسطے [illegible] نے اس مجموعہ میں مصحف نافع اور عاصم میں رموز وقف م ط ج ز ص وقف ق ف و [illegible] وغیرہ کو اختیار کیا اور مصحف کسائی و ابن عامر میں [illegible] مواضع وقف لازم اور مطلق میں ہے اور وہ لکھا فقط ﴿سوم فقط رؤس الآی پر وقف کرنا یعنے جسجگہ آیت تمام ہووے ہووہیں وقف کرنا اگرچہ ماقبل یا مابعد سے تعلق رکھتی ہو یہہ مذہب [illegible] اور وقف اضطراری یعنے جہاں دم ٹوٹے وہیں وقف کرنا پھر اگر مابعد اسکا قابل ابتدا کرنے کے ہو تو ابتدا کرنا ورنہ ماقبل سے اعادہ کرنا یہہ مذہب ابن کثیر اور حمزہ ہے لیکن ابن کثیر نے تمام قرآن [illegible] وقف اختیاری کیا ہے اول سورۂ آل عمران میں ﴿وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ﴾ دوم سورۂ انعام میں ﴿وَمَا یُشْعِرُكُمْ﴾ سوم سورۂ نحل میں ﴿اِنَّمَا یُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ﴾ کذا فی الاتقان [illegible]

باب التکبیر


[illegible] سنت ہے واسطے اس شخص کے جسنے تمام قرآن کو تلاوت میں یا نفل نماز میں یا فرض نماز میں پڑھا ہو کے والضحیٰ تک پہنچا ہو اور یہہ تکبیر مشہور ہے ابن کثیر کی سے یعنے جو شخص ابن کثیر کی قراءت [illegible] کہ سورۂ والضحیٰ سے آخر قرآن تک ہر سورت کے آخر میں اللہ اکبر کہے خواہ نماز میں یا تلاوت میں بہر حال چنانچہ فرمایا جزری رح نے ﴿وَسُنَّةُ التَّكْبِیْرِ عِنْدَ الْخَتْمِ صَحَّتْ عَنِ الْمَكِّیِّیْنَ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ كُلِّ حَالٍ وَلَدٰی الصَّلٰوةِ سُلْسِلَ عَنْ اَئِمَّةٍ ثِقَاتٍ﴾ قولہ سلسل یعنے مسلسل اور مسلسل باصطلاح اہل حدیث اسکو کہتے ہیں کہ اسناد حدیث میں ہر راوی کا نام [illegible] جزری رح نے نشر میں عن البزی قال قرأت علی عکرمة بن سلیمان فلما بلغت والضحیٰ فقال لی کبر فانی قرأت علی اسمٰعیل ابن عبد اللہ القسطنطین بلغت والضحیٰ قال لی کبر فانی قرأت علی [illegible] قال لی کبر فانی قرأت علی مجاہد فامرنی بذالک و اخبر مجاہد انہ قرأ علی ابن عباس فاخبرہ بذالک و اخبرہ ابن عباس انہ قرأ علی ابی بن کعب فاخبرہ ابی انہ قرأ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامرہ بذالک لیکن اسباب میں اختلاف ہے کہ تکبیر مذکور اول والضحیٰ سے ہے یا آخر والضحیٰ سے اور تکبیر واسطے اول سورت کے ہے یا واسطے آخر سورت کے لیکن بہر حال آخر والناس میں تکبیر ہے پس جو شخص آخر سورت کا قائل ہے اسکے نزدیک آخر والناس میں تکبیر موافق قانون کے ہے اور جو شخص اول سورت کا قائل ہے اسکے نزدیک آخر والناس میں بابن صورت تکبیر ہے کہ ہر سورت درمیان دو تکبیروں کے واقع ہوئی ہے علی ہذا القیاس سورت الناس بھی اور درمیان دو تکبیروں کے واقع ہوئی اور بعض روات تکبیر نے واسطے بزی اور قنبل کے تہلیل بھی روایت کی ہے یعنے لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اور بعض روات تکبیر نے واسطے بزی کے و للہ الحمد بھی روایت کی ہے یعنے لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر و للہ الحمد اور بعض روات تکبیر نے واسطے سوسی کے بھی اول الم نشرح سے تکبیر روایت کی ہے یعنے ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ﴾ اسیطرح سورۃ الناس تک کیونکہ روایت کرنیوالا اس تکبیر کا ابن حبش ہے اور اسنے تکبیر بسم اللہ روایت کی ہے سوسی سے علی ہذا القیاس بعض ائمہ قراءت نے واسطے کل قرا کے اول الم نشرح سے سورۃ الناس تک تکبیر روایت ہے مگر ساتھ بسم اللہ کے [illegible] اور ابوعمرو و ابن عامر کے قراءت میں درمیان دو سورتوں کے سکتہ کرنا اور دونوں کو وصل کرنا اور دونوں کے درمیان بسم اللہ پڑھنا تینوں صورتیں جائز ہیں پس جن صورتوں میں کہ سکتہ یا وصل کرے اس صورت میں تکبیر نہ کہے اور جس صورت میں کہ بسم اللہ پڑھے اس صورت میں تکبیر کہے یہانتک کہ امام حمزہ کے واسطے بھی اگر تکبیر کہنا ہو تو قبل بسم اللہ پڑھے چنانچہ فرمایا جزری رح نے ﴿مِنْ اَوَّلِ انْشِرَاحٍ اَوْ مِنَ الضُّحٰی مِنْ اٰخِرٍ اَوْ اَوَّلٍ قَدْ صُحِّحَا لِلنَّاسِ هٰكَذَا وَقَبْلَ اِنْ تَرِدْ هَلِّلْ وَبَعْضٌ بَعْدُ لِلّٰهِ حَمِدْ وَالْكُلُّ لِلْبَزِّیْ وَعَنْ قُنْبُلٍ ... ﴾ اب معلوم ہوا کہ تکبیر کو ساتھ بسم اللہ کے جمع کرتے میں آٹھ صورتیں نکلتی ہیں ایک صورت انمیں سے ناجائز ہے یعنے آخر سورت کو وصل کرنا ساتھ تکبیر کے اور تکبیر کو وصل کرنا ساتھ بسم اللہ کے اور بسم اللہ پر وقف کرنا مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾ کے چنانچہ فرمایا جزری رح نے ﴿وَامْنَعْ عَلَی الرَّحِیْمِ وَقْفًا اِنْ تَصِلْ كُلًّا وَغَیْرُ ذَا اَجِزْ مَا یَحْتَمِلْ﴾ اور باقی سات شکلیں جو جائز ہیں یہہ ہیں اول وصل کل مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾ دوم قطع کل مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾ سوم وصل اول قطع دوم وصل سوم مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾ چہارم قطع اول وصل دوم قطع سوم مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾ پنجم وصل اول و قطع دوم و سوم مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾ ششم وصل اول قطع دوم وصل سوم مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾ ہفتم قطع اول و وصل دوم و سوم مانند ﴿فَحَدِّثْ﴾ اللہ اکبر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿اَلَمْ نَشْرَحْ﴾


تنبیہ اگرچہ بعض ائمہ قراءت نے واسطے جمیع قرا کے تکبیر روایت کی ہے لیکن روایت حفص کے پڑھنے والے کو جو مذہب حنفی رکھتا ہو نماز میں تکبیر نہ کہنا چاہیے کیونکہ تکبیر کے ساتھ بسم اللہ پڑھنا بھی ضرور ہے اور مذہب حنفی میں بسم اللہ بین السورتین پڑھنا نماز میں جائز نہیں باتباع فقہا اگرچہ بعض کتب فقہ میں مانند برجندی اور رد المحتار کے بسملہ بین السورتین پڑھنا واجب لکھا ہے لیکن مفتا بہ نہیں فقط اب شائقین [illegible] عرض ہے کہ پہلے رموز قرا کو بطریق شاطبی و طیبہ خوب ضبط کریں پھر قواعد قرا کو جسقدر کہ اس مختصر میں اور حواشی سورۂ فاتحہ اور پارۂ عم میں مذکور ہیں خوب ضبط کریں [illegible] قراءت سبعہ کا پڑھنا آسان ہوگا ان شاء اللہ اور معلوم ہو کہ قواعد قرا مثل تسہیل و تحقیق و ابدال و ادغام صغیر و کبیر و امالۂ صغری و کبری و مد و قصر و صلہ [illegible] تمام قرآن میں یکساں ہے یعنے مثلاً مصحف ابن کثیر میں ﴿عَلَیْهِمْ﴾ بصلہ ضم میم اور کسرۂ ہا ہے تو تمام قرآن میں ایسا ہی ہوگا پس ایسے قواعد کا ایک ہی جگہ لکھنا کافی [illegible] حروف کے کہ ہر جگہ لکھنے کی حاجت پڑے گی مانند ﴿حِسَابًا رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ﴾ بضم باء و نون و بکسر باء و نون اور ﴿سِلٰسِلَاْ﴾ [illegible] تشبیہ [illegible] نے یے الف پڑھا ہے یعنے ایسے اختلافات کا بیان ہر مقام میں ضرور ہوگا کیونکہ فدوی نے اس مجموعہ میں روایت حفص کو اصل گردانا ہے پس جس قاری کی قراءت روایت حفص سے مخالف ہوگی اسکا بیان حاشیہ پر ضرور [illegible] یا الفرد ہوگا اب اگر سوا قواعد مذکورہ کے اختلاف فرش یعنے اختلاف حاضر و غائب و تانیث و تذکیر و رفع و نصب وجر وغیرہ کسی مقام میں [illegible] حاشیہ پر اسکا بیان نہ ہو تو سہو کاتب سمجھنا اور لفظ مذکور کو موافق روایت حفص کے پڑھنا فقط

اسماء القراء السبعة وروا تہم المشہورین

[illegible] قاری اول نافع بن عبد الرحمٰن بن ابی نعیم لیثی ہے نافع نے ستر تابعین سے پڑھا ان میں سے ابو جعفر یزید بن قعقاع اور عبد الرحمٰن بن ہرمز اور شیبہ [illegible] اور یزید بن رومان ہیں اور ان پانچوں نے پڑھا ابو ہریرہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور ان دونوں نے پڑھا ہے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم سے پس معلوم ہوا کہ نافع مدنی کی قراءت تین واسطوں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی ہے اور ولادت نافع کی سنہ [illegible] تابعین کے لوگوں نے ان پر اجماع کیا تھا اور ستر سال تک لوگوں کو قرآن تعلیم کرتے رہے کہا سعید بن منصور نے سنا میں [illegible] قراءت اہل مدینہ کی سنت ہے کسی نے پوچھا کہ قراءت نافع کو فرماتے ہیں فرمایا ہاں اور کہا عبد اللہ بن احمد حنبل نے میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ کونسی [illegible] میں نے [illegible] اہل مدینہ [illegible] فرمایا قراءت عاصم کوفی اور امام نافع جسوقت کلام کرتے تھے دہن مبارک سے مشک کی خوشبو [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ کچھ پڑھ کے میرے منہ میں دم کئے اسی روز سے میرے منہ سے یہہ خوشبو آتی ہے [illegible] فرمایا صاحب شاطبی نے ﴿فَاَمَّا الْكَرِیْمُ السِّرِّ فِی الطِّیْبِ نَافِعٌ فَذَاكَ الَّذِیْ اخْتَارَ الْمَدِیْنَةَ مَنْزِلَا﴾ اور وفات [illegible] نافع کا راوی اول قالون ابو موسیٰ عیسیٰ بن مینا ہے قالون لغت رومی میں جید کو کہتے ہیں [illegible] ایسے بہرے تھے کہ بجلی کی آواز بھی نہ سنتے تھے لیکن قرآن شریف کا پڑھنا پڑھانا سنتے تھے اور بعد [illegible] میں تھا اور وفات [illegible] علی الصواب اور راوی دوم ورش بن سعید مصری ہے کنیت [illegible] ولادت [illegible] میں تھے امام نافع سے قرآن شریف پڑھنے کے واسطے مصر سے مدینہ [illegible] قرآن مجید پڑھتے رہے [illegible] پس قرآن کے امام الناس تھے اور پچاس برس سال تک لوگوں کو

